# 2nd India-Zimbabwe Foreign Office Consultations

September 29, 2022

## ہندوستان - زمبابوے کے درمیان دفتر خارجہ سے متعلق دوسری مشاورت

29 ستمبر، 2022

ہندوستان اور زمبابوے کے درمیان دفتر خارجہ کی دوسری مشاورت (29) ستمبر 2022 کو نئی دہلی میں منعقد ہوئی۔ ہندوستانی فریق کی قیادت جناب پونیت آر کنڈل، جوائنٹ سکریٹری (مشرقی اور جنوبی افریقہ) نے کی اور زمبابوے کے فریق کی قیادت زمبابوے کی وزارت خارجہ اور بین الاقوامی تجارت میں اقتصادی تعاون، بین الاقوامی تجارت اور ڈائاسپورا کے چیف ڈائریکٹر محترمہ آر ام فارانیسی نے کی۔

2. مشاورت کے دوران، دونوں فریقوں نے دو طرفہ تعلقات کا ایک جامع جائزہ لیا اور دونوں ممالک کے باہمی فائدے کے لیے ان تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ دونوں فریقوں نے شراکت داری کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لانے کے لیے دو طرفہ سیاسی تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا۔ وفود نے تجارت اور سرمایہ کاری، ترقیاتی شراکت داری، دفاع، قونصلر امور، زراعت، صحت اور ریلوے سمیت متعدد شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

3. باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

4. دونوں اطراف نے شراکت کو متحرک اور باہمی طور پر فائدہ مند رکھنے کے لیے اعلیٰ سطح کے سیاسی تبادلوں اور مشترکہ ادارہ جاتی میکانزم کی باقاعدہ میٹنگز جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

5. بات چیت دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ دونوں فریقوں نے مشاورت کا اگلا دور ہرارے میں باہمی طور پر مناسب تاریخوں پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**29 ستمبر، 2022**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.